# 04-06-2026 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ چیف منسٹر ریونت ریڈی متحدہ محبوب نگر ضلع کا دورہ کررہے ہیں۔

۲۔ مرکزی وزیر کانکنی کشن ریڈی اور برطانیہ کی وزیر خارجہ ایویٹ کوپر نے مشترکہ طور پر آج دہلی میں ہند۔ برطانیہ کرٹیکل منرلز گلوبل سپلائی چین آبزرویٹری سیٹلائٹ مرکز کا افتتاح کیا۔

۳۔ تلنگانہ کے گورنر شیو پرتاپ شکلا نے کہا ہے کہ معذور کھلاڑی چیلنجوں کو مواقع اور مشکلات کو اپنی طاقت میں تبدیل کرکے کامیابیاں حاصل کررہے ہیں اور پورے معاشرہ کے لئے ایک مثال بن رہے ہیں۔

اور

۴۔ تلنگانہ تحریک کے کارکنوں کی شناخت کے لئے قائم کردہ کمیٹی کے چیرمین کیشو اراؤ نے کہا ہے کہ تحریک سے وابستہ سیاسی جماعتوں، طلبہ تنظیموں، وکلا، ڈاکٹروں کی رائے حاصل کی جائے گی۔

Ramchander Rao

بی جے پی کے ریاستی صدر رام چندر راؤ نے کہا ہے کہ تلنگانہ کے حصول میں بھارتیہ جنتا پارٹی کا کردار تاریخی اہمیت کا حامل ہے۔ آج حیدرآباد کے سوماجی گوڑہ پریس کلب میں 'میٹ دی پریس' پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ تلنگانہ بل کی منظوری کے وقت بی جے پی نے پارلیمنٹ میں غیر مشروط حمایت کی تھی جبکہ اس اہم موقع پر ٹی آر ایس کے ارکانِ پارلیمان ایوان میں موجود نہیں تھے۔ انہوں نے کہا کہ کانگریس نے دوہرا رویہ اختیار کیا لیکن بی جے پی اپنے موقف پر ثابت قدم رہی۔ رام چندر راؤ نے الزام لگایا کہ پانی، فنڈس اور ملازمتوں کے حصول کے لئے چلائی گئی تلنگانہ تحریک کے مقاصد کو بی آر ایس اور کانگریس حکومتوں نے پورا نہیں کیا۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ

بارہ برسوں کے دوران مرکزی حکومت نے تلنگانہ کو تقریباً تیرہ لاکھ کروڑ روپے کی مالی معاونت فراہم کی ہے۔ قومی شاہراہوں، ریلوے کوچ سنٹر اور راما گنڈم کھاد فیکٹری جیسے منصوبے ریاست کی ترقی میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ تلنگانہ میں بی جے پی حکومت کا قیام ہی پارٹی کا اصل ہدف ہے۔

Desk

Critical Minerals Global Supply Chain Observatory Satellite Centre

مرکزی وزیر کانکنی کشن ریڈی اور برطانیہ کی وزیر خارجہ ایویٹ کوپر نے مشترکہ طور پر آج دہلی میں ہند۔ برطانیہ کرٹیکل منرلز گلوبل سپلائی چین آبزرویٹری سیٹلائٹ مرکز کا افتتاح کیا۔ یہ مرکز 2025 میں وزیر اعظم نریندر مودی اور برطانوی وزیر اعظم کیئر اسٹارمر کے درمیان ہونے والی دوطرفہ ملاقات میں کیے گئے فیصلہ کے تحت قائم کیا گیا ہے۔ یہ آبزرویٹری دنیا کا سب سے بڑا ڈیجیٹل میٹریل فلو میپنگ مرکز بننے جا رہا ہے۔ اس کا مقصد صاف توانائی اور ڈیجیٹل شعبوں کے لئے ضروری معدنیات کی سپلائی چین کو مزید مضبوط بنانا ہے۔ کشن ریڈی نے بتایا کہ ’وکست بھارت 2047‘ کے ہدف کے تحت مرکزی حکومت نے چار ارب ڈالر کے قومی کرٹیکل منرلز مشن کا آغاز کیا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ معدنیات کی ری سائیکلنگ کے لئے ایک سو اسی ملین ڈالر کی اسکیم اور نو سینٹرز آف ایکسیلنس بھی قائم کیے گئے ہیں۔

Desk

Rangareddy

پرجا پالنا۔ پرگتی پرانالیکا پروگرام کے تحت آج ضلع رنگا ریڈی کے ابراہیم پٹنم منڈل کے کرنم گوڑہ گاؤں میں گرام سبھا منعقد ہوئی۔ ضلع کلکٹر نارائنا ریڈی نے بطور مہمانِ خصوصی شرکت کرتے ہوئے

گاؤں کے عوام سے خطاب کیا۔ انہوں نے کہا کہ اس سال معمول سے کم بارش ہونے کا امکان ہے، اس لئے کسان زیادہ پانی استعمال کرنے والی دھان کی فصل کی کاشت کے بارے میں محتاط فیصلہ کریں۔ انہوں نے مشورہ دیا کہ بارش کے آغاز کے ساتھ ہی پودے لگائے جائیں اور ہر خاندان کم از کم ایک درخت کی حفاظت کرے۔ کلکٹر نے کسانوں سے فارمر رجسٹریشن مکمل کرنے کی بھی اپیل کی۔

Desk

Committee for Telangana Movement Activists

تلنگانہ تحریک کے کارکنوں کی شناخت کے لئے حکومت کی جانب سے قائم کردہ کمیٹی نے آج اپنا دوسرا کل جماعتی اجلاس منعقد کیا۔ کمیٹی کے چیرمین کے کیشوا راؤ نے بتایا کہ تحریک سے وابستہ سیاسی جماعتوں، طلبہ تنظیموں، وکلا، ڈاکٹروں اور دیگر متعلقہ افراد کی رائے حاصل کی جائے گی۔ وزیر پونم پربھاکر نے کہا کہ 1969 کی پہلی تحریک کے کارکنوں سمیت شہداء کے اہل خانہ، زخمی افراد، جیل جانے والوں، شاعروں اور فنکاروں کی شناخت کرکے ان کی خدمات کا اعتراف کرنا کمیٹی کا بنیادی مقصد ہے۔ انہوں نے بتایا کہ کمیٹی کا دفتر شہدا کی یادگار میں قائم کیا جائے گا۔ حکام کے مطابق درخواستیں آن لائن اور دیگر ذرائع سے وصول کی جائیں گی جبکہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کرنے کے لئے جلد مدت مقرر کی جائے گی۔

Desk

Fire Accident

حیدرآباد کے امیر پیٹ علاقہ میں واقع ایک شاپنگ کمپلیکس میں آج دوپہر شدید آتشزدگی کا واقعہ پیش آیا۔ میٹرو پلر نمبر 1043 کے قریب واقع شاپنگ کمپلیکس کی دوسری منزل پر موجود ایک دکان میں آگ بھڑک اٹھی جو بعد میں دیگر دکانوں تک پھیل گئی۔ اطلاع ملتے ہی محکمہ فائر بریگیڈ کا عملہ تین

فائر انجنوں اور واٹر ٹینکروں کے ساتھ موقع پر پہنچا اور آگ پر قابو پالیا۔ امیر پیٹ کی مرکزی سڑک کے قریب حادثہ پیش آنے کے باعث علاقہ میں شدید ٹریفک جام ہوگیا۔ گھرے دھوئیں کے باعث مقامی افراد کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ واقعہ کے وقت دکانوں میں موجود عملہ فوری طور پر باہر نکل آیا، جس کے باعث کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ تاہم حکام کے مطابق آتشزدگی کے نتیجہ میں بڑے پیمانے پر مالی نقصان ہوا ہے۔

Desk

Kishan Reddy

مرکزی وزیرِ کشن ریڈی نے تلنگانہ میں سات ہزار پانچ سو ستانوے کروڑ روپے کی لاگت سے قومی شاہراہوں کی توسیع کے لئے مرکزی حکومت کی منظوری پر خوشی کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ وزیراعظم نریندر مودی کی حکومت کی جانب سے تلنگانہ کے لئے ایک اہم تحفہ ہے۔ کشن ریڈی نے اس موقع پر وزیرِ اعظم نریندر مودی کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ قومی شاہراہ نمبر 63 پر آرمور، جگتیال اور منچر یال کے درمیان سڑک کو ہائبرڈ اینوٹی ماڈل کے تحت چار لین شاہراہ میں تبدیل کیا جائے گا۔ اسی طرح قومی شاہراہ نمبر 563 پر جگتیال اور کریم نگر کے درمیان سڑک کو بلڈ، آپریٹ اینڈ ٹرانسفر ماڈل کے تحت چار لین شاہراہ کے طور پر ترقی دی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ ان منصوبوں کی تکمیل کے بعد آرمور۔ منچر یال اور جگتیال۔ کریم نگر راستوں پر ٹریفک کے مسائل میں نمایاں کمی آئے گی۔ کشن ریڈی نے واضح کیا کہ یہ فیصلہ اس بات کا ایک اور ثبوت ہے کہ مودی حکومت تلنگانہ کی ترقی اور بنیادی ڈھانچہ کی بہتری کے لئے پوری طرح پُرعزم ہے۔

Desk

Governor

تلنگانہ کے گورنر شیو پرتاپ شکلا نے کہا ہے کہ معذور کھلاڑی چیلنجوں کو مواقع اور مشکلات کو اپنی طاقت میں تبدیل کر کے کامیابیاں حاصل کر رہے ہیں اور پورے معاشرہ کے لئے ایک مثال بن رہے ہیں۔آج حیدرآباد کے رسول پورہ میں آدتیہ مہتا فاؤنڈیشن کے زیراہتمام منعقدہ ایک پروگرام میں بطور مہمانِ خصوصی شرکت کرتے ہوئے گورنر نے معذور کھلاڑیوں سے ملاقات کی اور انہیں فراہم کی جانے والی تربیت کا جائزہ لیا۔اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے گورنر نے کہا کہ آدتیہ مہتا فاؤنڈیشن کھیلوں، تربیت اور بحالی کے ذریعہ معذور افراد کو بااختیار بنانے کے لیے قابلِ ستائش خدمات انجام دے رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ فاؤنڈیشن نے دیہی سطح سے لے کر بین الاقوامی مقابلوں تک متعدد کھلاڑیوں کی صلاحیتوں کو نکھارنے میں اہم کردار ادا کیا ہے۔گورنر نے پیرا سائیکلنگ میں نمایاں کارکردگی دکھانے والی شیوانی، جیوتی، شیخ ارشد اور لیشا داس کو مبارکباد پیش کی اور ان کی کامیابیوں کو سراہا۔

Desk

Super speciality hospital

ریاستی وزیر کونڈا سریکھا نے عہدیداروں کو ہدایت دی ہے کہ وہ ورنگل میں سوپر اسپشالٹی ہاسپٹل کے کاموں کی جلد تکمیل کرتے ہوئے اس ہاسپٹل کے افتتاح کیلئے انتظامات کریں۔انہوں نے ہاسپٹل کی ترقی سے متعلق کمیٹی کے اجلاس میں ضلع کے عوامی نمائندوں اور عہدیداروں کے ساتھ مل کر شرکت کی۔ انہوں نے کہا کہ عوام کو معیاری طبی سہولتوں کی فراہمی کیلئے درکار فنڈس اور طبی ساز و سامان مہیا کیا جارہا ہے۔

Warangal PTC

Land Rates

وزیر مال پنگولیٹی سرینواس ریڈی نے کہا ہے کہ ریاست میں زمینات کی نظرثانی شدہ بازاری قیمت کل سے لاگو ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ زمینات کی قیمت میں تبدیلی سائنٹفک انداز میں کی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ زمینی سطح پر کیئے گئے تجزیہ کی بنیاد پر نئی قیمتیں مقرر کی گئی ہیں۔ انہوں نے یاددہانی کرائی کہ ریاستی کابینہ نے قیمتوں کو معقول بنانے کا فیصلہ کیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ تمام پہلوؤں کو مدنظر رکھتے ہوئے زمینات کی قیمتوں پرنظرثانی کی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ حکومت کے فیصلہ کی وجہ سے بعض علاقوں میں زمینات کی قیمت مارکٹ کی قیمت سے کافی کم تھیں جبکہ بعض دوسرے علاقوں میں یہ قیمتیں مارکٹ کی قیمت سے زیادہ تھیں۔

Desk

Paddy Procurement

سیول سپلائز کے وزیر اتم کمار ریڈی نے اس یقین کا اظہار کیا ہے کہ ریاست بھر میں گزشتہ سال ربیع کے دوران دھان کی خرید کا ریکارڈ اِس مرتبہ ٹوٹ جائے گا۔ گزشتہ سال 74.2 لاکھ ٹن دھان خریدی گئی تھی جبکہ اس سال اب تک 70 لاکھ 6 ٹن دھان خریدی جاچکی ہے۔ مزید 4 لاکھ 95 ہزار ٹن دھان کی خریدی باقی ہے۔ اس طرح اس سال ربیع میں خریدی جانے والی دھان 75 لاکھ ٹن تک پہنچ جائے گی۔

Desk

Revanth Reddy

چیف منسٹر ریونت ریڈی متحدہ محبوب نگر ضلع کا دورہ کررہے ہیں وہ آج بنگلور سے سیدھے نارائن پیٹ ضلع کے مکتھل پہنچے۔ ان کے ہمراہ کرناٹک کے سابق وزیر بوسوراجو بھی موجود تھے۔ عہدیداروں

نے چیف منسٹر کو ملکتھل ۔ نارائن پیٹ ۔ کوڑنگل لفٹ آبپاشی اسکیم اور بھیما اور کرشنا دریاؤں پر مجوزہ پلوں کی تعمیر میں پیشرفت سے واقف کرایا۔ اس کے بعد چیف منسٹر نے ملکتھل ۔ نارائن پیٹ۔ کوڑنگل لفٹ آبپاشی اسکیم کے کاموں کا جائزہ لیا۔ ان کے ہمراہ ریاستی وزراء اتم کمار ریڈی، جو پلی کرشنا راؤ، دامودھر راج نرسمہا اور واکٹی سری ہری موجود تھے۔ چیف منسٹر نے لفٹ آبپاشی پروجیکٹ اور پلوں کی تعمیر کا فضائی معائنہ کیا۔ بعد میں چیف منسٹر جوگولامبا گدوال ضلع کے دھرور منڈل کے گوڑم دوڈی پہنچے۔

Desk

Drug

تلنگانہ کی ایگل فورس نے منشیات کی روک تھام کیلئے ایک اہم کارروائی انجام دی ہے۔ تقریباً ایک مہینہ تک کڑی نظر رکھنے کے بعد اس نے منشیات اسمگلنگ کرنے والی ایک ٹولی کو بے نقاب کیا ہے۔ اس نے اس ٹولی کے 10 افراد کو گرفتار کیا ہے جن میں اہم ملزمین شامل ہیں۔ ملزمین کے پاس بارہ کروڑ روپے کا ہائیڈروفونک گانجہ ضبط کیا گیا۔ یہ ٹولی تھائی لینڈ سے بھارت کو ہائیڈروفونک گانجہ اسمگل کررہی تھی۔

Desk

OO